DITTO WS

Reg. No. ....................................

Name : .......................................

**FY-321**

# FIRST YEAR HIGHER SECONDARY MODEL EXAMINATION – 2021

Part–III

**URDU**

**(Optional)**

Maximum : 80 Scores

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 20 Minutes

***General Instructions to Candidates :***

- There is a 'Cool-off time' of 20 minutes in addition to the writing time of 2 ½ hours.
- Read the questions carefully before answering.
- Certain sections of the questions have choice, follow the choice regulations strictly.
- If excess questions are attempted, only those attempted first will be valued.

**1 سے 10 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے :** **(7 × 1 = 7)**

1. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

2. یہ کس کا شعر ہے؟

نہ چھوڑے محبت دمِ مرگ تک
جسے یارِ جانی، سوں یاری لگے

3. افسانہ 'روشنی' کا مصنف کون ہے؟

4. رباعی کا دوسرا نام کیا ہے؟

5. پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر کا نام لکھیے۔

6. ان میں سے شاعرِ مشرق کسے کہا جاتا ہے؟ (غالبؔ، علامہ اقبالؔ، نظیرؔ اکبرآبادی)

7. غزل کے آخری شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

8. آپ کے پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کا نام لکھیے۔

9. ان میں غزل گلوکار کون ہے؟ (پریم چند، غلام علی، مرزا غالبؔ)

10. پریم چند کا اصلی نام لکھیے۔

**11 سے 18 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 جواب کم سے کم تین جملوں میں لکھیے : (4 × 3 = 12)**

11. آپ نے اردو کے بارے میں لکھے ہوئے بہت سے اشعار پڑھے ہوں گے۔کوئی ایک شعر لکھیے۔

12. پریم چند کے کسی دو افسانوں کے مجموعوں کے نام لکھیے۔

13. آج کل ٹی۔وی۔ اور اخبارات میں اردو اشتہارات زیادہ سے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس طرح کے کوئی دو اشتہاراتی جملے لکھیے۔

14. آپ نے عشق و محبت کے موضوع پر لکھے گئے بہت سے اشعار پڑھے ہوں گے۔ ایسا کوئی ایک شعر لکھیے۔

15. شروع شروع میں اردو کئی دوسرے نام سے مشہور تھی، ایسے کوئی دو نام لکھیے۔

16. پسندیدہ کسی دو نظم گو شعراء کے نام لکھیے۔

17. اردو میں گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کسی دو شعراء کے نام لکھیے۔

18. افسانہ 'روشنی' میں منظر نگاری کی بہت سی مثالیں ہیں۔ ایسے کسی ایک منظر کا بیان اپنے الفاظ میں لکھیے۔

**19 سے 27 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھیے :**

**(4 × 4 = 16)**

19. اردو اصنافِ سخن میں رباعی ایک اہم صنف ہے۔ رباعی کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

20. پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

21. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

ہندو چلا گیا نہ مسلمان چلا گیا
انسان کی جستجو میں ایک انسان چلا گیا

22. رباعی اور قطعہ میں کیا کیا نمایاں فرق ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

23. برج بانو نے قلفی والے کے ہاتھ میں پانچ روپیہ کا نوٹ کیوں رکھ دیا ؟

24. اردو کی تشکیل و تعمیر میں کن کن بولیوں اور زبانوں کا اثر ہوا ہے ؟ لکھیے ۔

25. آپ کے پسندیدہ کسی ایک نظم گو شاعر کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے ۔

26. ہندوستان کی آزادی کی لڑائی میں اردو زبان کی خدمات پر چند نکات پیش کیجیے۔

27. پنڈت جواہر لال نہرو، مہاتما گاندھی جیسے بہت سے قومی رہنماؤں کے بارے میں آپ لوگوں نے پڑھے ہوں گے۔ کسی ایک قومی لیڈر (National Leader) کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے ۔

**28 سے 35 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھیے :**

**(4 × 6 = 24)**

28. ''گورنمنٹ لاکھوں روپیے زراعتی اصلاح پر خرچ کرتی ہے۔ نئی نئی تحقیقات اور ایجادات ہوتی ہیں، ڈائرکٹر، انسپکٹر سب موجود۔ مگر حالت میں کوئی اصلاح، کوئی تغیر نہیں۔'' افسانہ 'روشنی' کی اس عبارت کے بارے میں اپنے خیالات پیش کیجیے۔

DITTO WS

29. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

ہیں جہل میں عالم و جاہل ہمسر
آتا نہیں فرق اس کے سوا ان میں نظر
عالم کو ہے علم اپنی نادانی کا
جاہل کو نہیں جہل کی کچھ اپنی خبر

30. خانہ 'الف' کو 'ب' سے ملایئے :

| 'الف' | 'ب' |
|---|---|
| پریم چند | ایک آرزو |
| الطاف حسین حالؔی | برج بانو |
| علامہ اقبالؔ | روشنی |
| اختر انصاری | رباعی |
| کنھیالال کپور | خدائے سخن |
| میر تقی میرؔ | قطعہ |

31. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

پائے خطاب کیا کیا دیکھے عتاب کیا کیا
دل کو لگا کے ہم نے کھینچے عذاب کیا کیا

32. آپ کے پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

33. آپ کے اسکول کے بس اسٹوپ میں بس رکتی نہیں۔ بچے بہت بہت سے تکلیفیں اٹھاتے ہیں۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے پلیس انسپکٹر (Police Inspector) کے نام ایک شکایت نامہ تیار کیجیے۔

34. نظم زبانِ انقلاب کا خلاصہ ایک یا دو پیراگراف (Paragraph) میں لکھیے۔

35. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

جسے عشق کا تیر کاری لگے
اسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے

**36 سے 41 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھیے :**

**(3 × 7 = 21)**

36. اردو ایک عالمی زبان ہے۔ اردو کی عالمگیر مقبولیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

37. افسانہ 'روشنی' میں کونسا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے؟ ان کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

38. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

39. آپ کے پسندیدہ کسی ایک افسانہ نگار کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

40. ''ہندوستان میرا گھر ہے۔ میں اپنا گھر چھوڑ کر کس طرح جا سکتی ہوں۔'' برج بانو کے اس قول کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

41. ڈرامہ 'دارا شکوہ' سے آپ کے پسندیدہ کسی ایک کردار پر ایک نوٹ لکھیے۔

---